27/10/21 1647- DCE(I)

# ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ساہیوال

## پریس ریلیز

عوام الناس کی آگاہی کے لیے مطلع کیا جاتا ہے کہ انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحان 2021 پارٹ -I کا نتیجہ انشاء اللہ مورخہ 29.10.2021 بروز جمعۃ المبارک بوقت 10:00 A.M کو شائع کیا جارہا ہے۔ لہذا جملہ متعلقین، سربراہان ادارہ جات، اساتذہ کرام، طلباء و طالبات اپنا نتیجہ بورڈ کی ویب سائیٹ www.bisesahiwal.edu.pk سے چیک کر سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں امیدواران اپنا رول نمبر اپنے موبائل فون سے 800292 پر SMS کر کے نتیجہ حاصل کر سکتے ہیں۔ نتیجہ / گزٹ کی CD مبلغ -/100 روپے حبیب بینک کوٹ خادم علی برانچ ساہیوال میں جمع کروا کر دفتر ہذا میں سہولت مرکز سے حاصل کی جاسکتی ہے۔ جن امیدوارن کے نتائج بقایا فیس یا دیگر دفتری کوائف پورے نہ کرنے کی وجہ سے رکے ہیں وہ اس وقت تک جاری نہیں کئے جائیں گے جب تک وہ اپنے کوائف / واجبات پورے ادا نہیں کر دیتے۔ ری چیکنگ کروانے کے بارے امیدواران کی سہولت کے لئے بورڈ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ طالبعلم صرف آن لائن ری چیکنگ کے لئے اپلائی کریں گے۔ بورڈ ری چیکنگ کی تاریخ سے بذریعہ SMS امیدوار کو آگاہ کرے گا۔ طالبعلم صرف فیس جمع کروانے کے لئے بینک جائیں گے اور فیس جمع کروا کر اصل فارم بورڈ میں جمع کروانا ہوگا اور بورڈ سے ملنے والی تاریخ پر امیدواران اپنی جوابی کاپی کی ری چیکنگ کے لئے بورڈ میں آئیں گے اور ساتھ جمع شدہ فیس چالان اصل کاپی اور بورڈ رسید ہمراہ لائیں گے۔ نیز اگر کسی امیدوار کو رزلٹ کارڈ نہ ملے تو دفتر سے بالمشافہ یا بذریعہ فون نمبر 040-9200522 پر رابطہ کر سکتا ہے۔

-sd-

کنٹرولر امتحانات

تشہیر نمبر--------- مورخہ---------

**کاپی برائے اطلاع:۔**

1۔ پی ایس ٹو چیئرمین
2۔ پی اے ٹو سیکرٹری
3۔ پی اے ٹو کنٹرولر امتحانات
4۔ سسٹم اینالسٹ (اس درخواست کے ساتھ کہ اس پریس ریلیز کو بورڈ کی ویب سائیٹ پر اپ لوڈ کر دیا جائے)
5۔ ریسرچ اینڈ کوآرڈینیشن آفیسر
6۔ ڈائریکٹر انفارمیشن (برائے تشہیر)
7۔ جملہ آفیسران

27/10/21
ڈپٹی کنٹرولر (انٹر)
040-9200522